جمالِ یوسف، مولانا عبدالقیوم حقانی۔ ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ، نوشہرہ۔ صفحات: ۳۰۴۔ قیمت: درج نہیں۔

پیش نظر کتاب مولانا محمد یوسف بنوری مرحوم و مغفور کا تذکرہ ہے، جس میں ان کی زندگی کے اہم تر احوال و آثار، شخصیت کے مختلف رنگ اور علمی و دینی کارہاے نمایاں قلم بند ہوئے ہیں۔ کتاب کا اندازِ تحریر سادہ اور شگفتہ ہے۔ اقتباسات کے ساتھ حوالے بھی دیے گئے ہیں، مگر دو باتیں خاص طور پر کھٹکتی ہیں:

۱- پروف خوانی ٹھیک طرح سے نہیں کی گئی، جس کی وجہ سے خاصی تعداد میں غلطیاں موجود ہیں اور کتنے ہی شعر بے وزن ہوگئے ہیں۔ (ملاحظہ ہوں صفحات: ۴۲، ۶۲، ۶۵، ۷۴، ۹۶، ۱۰۸، ۱۰۹، ۱۱۰، ۱۳۷، ۱۴۷، ۱۶۳، ۱۷۳، ۱۷۹، ۱۸۰، ۲۵۴، ۲۵۶، ۲۶۴)

۲- ضروری تھا کہ ایسی علمی کتاب میں کتابیات کی ترتیب کا اہتمام محنت اور دقتِ نظر سے انجام پاتا۔ اگر اس نوعیت کے تسامحات سے قطع نظر کرلیا جائے تو یہ کتاب اپنے مندرجات کی ثقاہت کے اعتبار سے بہت اہم اور معلومات افزا ہے۔ (عبدالعزیز ساحر)

Islam, Way of Revival (مجموعہ مضامین)، ادارت: رضا محمد، دلاور حسین۔ ناشر: ریوائیول پبلی کیشنز، مارک فیلڈ کانفرنس سنٹر، لسٹر۔ صفحات: ۲۸۵۔ قیمت: درج نہیں۔

پانچ عنوانات (۱- اسلامی ورلڈ ریویو ۲- قرآن ۳- محمدؐ رسول اللہ ۴- عبادات، قانون، اخلاق ۵- تزکیۂ نفس) کے تحت موجودہ دور کے عالمِ اسلام کے تمام ہی نامور قائدین (حسن البنا، سید مودودی، ابوالحسن علی ندوی، یوسف قرضاوی، خرم مراد، خورشید احمد، محمد الغزالی، محمد قطب، سید قطب، سعید رمضان، محمد اسد، علی عزت بیگووچ، اسماعیل فاروقی وغیرہ) کی کل ۳۳ نگارشات کا یہ گلدستہ انگریزی پڑھنے والوں کے لیے اسلام کا ایک حقیقی تعارف ہے۔ تمام پہلو خوب اچھی طرح روشن ہوگئے ہیں۔ جہاں کی زبان انگریزی نہیں، (مثلاً پاکستان) وہاں بھی انگریزی پڑھنے والوں کی کمی نہیں، لیکن مسئلہ ان کتب کی مقامی شرح پر دستیابی کا ہے جسے حل کیا جانا چاہیے۔ (م - س)